© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت جناب اکابرین و زعماء جمعیت علماء اسلام پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

اس وقت ملک کے حالات جو رخ اختیار کر رہے ہیں۔ اور دینی اقدار کے خلاف جو سازشیں بین الاقوامی اور ملکی سطح پر منظم انداز میں آگے بڑھ رہی ہیں، ان کے پیش نظر اسلام کی سربلندی ملکی سالمیت اور قومی خود مختاری کیلئے علماء حق کی جدوجہد کے تسلسل کو باقی رکھنے کی غرض سے اکابر اہل حق کی روایات کی امین اور علماء حق کی نمائندہ جمعیۃ علماء اسلام پاکستان کا اتحاد وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ اور ملک بھر کے علماء کرام اور جماعتی کارکنوں کے دلوں کی آرزو ہے۔

اس لیے ہم جمعیۃ علماء اسلام کے دونوں دھڑوں کے ذمہ دار حضرات سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ خدا کیلئے وقت کی سنگینی کا احساس کریں اور باہم مل بیٹھ کر جمعیۃ علماء اسلام پاکستان کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کیلئے عملی اقدامات کریں۔ ہم اس سلسلہ میں جماعتی اتحاد کیلئے اپنے تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ اور دونوں جمعیتوں کے ذمہ دار حضرات سے فوری اور مؤثر پیش رفت کی اپیل کرتے ہیں جماعتی اتحاد میں جو رکاوٹیں ہیں، انہیں دور کرنے کیلئے دونوں جمعیتوں کے ذمہ دار حضرات مل بیٹھ کر کوئی راستہ نکالیں اور اس کارِ خیر میں تاخیر نہ فرمائیں۔

نیز اس موقع پر اس امر سے بھی خبردار کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ جمعیۃ کے متحد نہ ہونے کی صورت میں پاکستان میں دینی جدوجہد کو جو بھی نقصان ہوگا۔ اس کی ذمہ داری دونوں جمعیتوں کے ذمہ دار حضرات پر ہوگی۔ اور وہ عند اللہ و عند الناس اس ذمہ داری سے سرخرو نہیں ہو سکیں گے۔

ہمیں امید ہے کہ ذمہ دار اور متعلقہ حضرات اس کے مثبت جواب سے جلد نوازیں گے۔

اس سلسلہ میں دونوں جمعیتوں کے ذمہ دار حضرات سے رابطہ کیلئے ہماری طرف سے وفد تشکیل دیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اتحاد و اتفاق اور اپنی مرضیات پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ابوالزاہد محمد سرفراز
شیخ الحدیث حضرت مولانا سرفراز خان صفدر
شیخ الحدیث مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ پاکستان

محمد یوسف خان
شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یوسف خان
امیر آل جموں و کشمیر جمعیت علماء اسلام

© rasailojaraid.com